اہم فیصلے اجلاس ناظمین وفاق المدارس العربیہ پاکستان

منعقدہ 17 محرم الحرام 1437ھ مطابق 31 اکتوبر 2015ء

صوبائی ناظمین کا تقرر اور صوبائی دفاتر کا قیام:

وفاق کے کام میں وسعت اور مدارس کے مسائل کے حل کے لئے صوبائی سطح پر 4 ناظمین اور 4 معاون ناظمین کا تقرر کیا گیا ہے۔ صوبائی سطح پر دفاتر کے قیام کا بھی فیصلہ کیا گیا۔

تجدید الحاق مدارس وجامعات:

موجودہ ملکی حالات میں مدارس کے تحفظ وبقاء، مدارس وجامعات کے نظم وضبط اور ضروری دستاویزات کی موجودگی نہایت اہم ہے۔ اس سلسلے میں وفاق المدارس العربیہ پاکستان نے مدارس وجامعات کے تجدید الحاق کا فیصلہ کیا ہے۔ نیا الحاق فارم ہر مدرسہ/جامعہ کو ارسال کیا جارہا ہے۔ انتظامیہ مدرسہ/جامعہ فارم پُر کرکے رکھیں۔ مدارس وجامعات کی رہنمائی کے لیے وفاق المدارس کی ایک ٹیم ہر مدرسہ/جامعہ کا دورہ کرے گی۔ پُر شدہ الحاق فارم، پرانی سند الحاق اور مبلغ 500 روپے تجدید الحاق فیس ٹیم کو جمع کرانا ہونگی، دفتر وفاق نئی سند الحاق جاری کریگا نظام مدرسہ کی بہتری کے لیے معائنہ ٹیم بھرپور راہنمائی کریگی۔ مورخہ یکم صفر المظفر 1437ھ سے 15 ربیع الاول تک تجدید الحاق کا عمل مکمل کیا جائے گا۔

مدارس سے رابطے اور مشکلات کے ازالے کے لیے اجتماعات کا انعقاد:

مدارس وجامعات کے خلاف منفی پروپیگنڈہ، امتیازی سلوک اور دیگر اقدامات پر مشاورت ورہنمائی کے لیے ضلعی وصوبائی سطح پر اجتماعات کے انعقاد کا فیصلہ کیا گیا۔

مدارس کا نظام تعلیم:

نصاب تعلیم کی طرح نظام تعلیم میں وحدت پیدا کرنے کے لیے نظام تعلیم مرتب کرنے کا فیصلہ کیا گیا جو کہ جلد ہی نافذ کیا جائے گا۔

تدریب معلمین ومہتممین:

مہتممین مدارس کو نظام مدرسہ کے بارے میں آگاہی دینے اور اساتذہ کرام کی تربیت کے لیے تدریب مہتممین ومعلمین کا فیصلہ کیا گیا۔ تدریب کے بارے میں ناظمین اپنے علاقہ کے ماہر اساتذہ سے تجاویز لے کر متعلقہ کمیٹی کو ارسال کریں گے۔

جعلی رسیدات ونتائج کی روک تھام:

صوبائی ناظمین جعلی رسیدات جعلی نتائج امتحان اور جعلی اسناد کے معاملہ پر نظر رکھیں گے۔ معلومات اکٹھی کرنے کے بعد سدباب کے لیے موثر لائحہ عمل اختیار کیا جائے گا۔